افعال کا جو انبیاء اور اوصیائے برحق
سے صادر ہوتے تھے باوجود اس کے
کہ ان کو علم وقوع اور عدم وقوع کا تھا
یہ ہے کہ وہ حضرات خدا کی جانب سے
محکوم تھے ایسے امید کرنی ہیں اور امیدواری
پر ان کو ثواب خدا کی طرف سے ملتا تھا
گو بظاہر امید بیجا ہو تحصیل حاصل اور آرزوئے
محال کا اعتراض ان پر نہیں ہے
دیکھو ہمارے نبی کو باوجود معصوم اور

الوجاء الا ترى ان نبینا
مع کونہ معصوما مطھرا
اصطفاہ اللہ بالرسالت
لکن مع ذلک یتوب الی
اللہ ویستغفر ویرجو ویدعو
ویبتھل مثل المذنبین
صلوا علیہ وآلہ ویزید
حسن ظنک بسیدنا الحسن
ما فعلہ جدہ ایضا فی تلک
القصۃ بعینھا مع کونہ
عالما ومخبرا بان ذلک
الشرف مشرف بہ سبطہ
الاصغر لکن لما حملت
سیدتنا فاطمۃ بالحسن
وقرب زمان وضع حملھا
عرضت لرسول اللہ ص
حاجۃ الی المسیر فاوصی
بنتہ وقال یا فاطمۃ ان
وضعت ابنک ھذا فلا

مطہر اور رسالت سے آپ کو برگزیدہ
کیا مگر پھر بھی آپ توبہ اور استغفار کرتے
اور دعا اور تضرع مثل ہم گناہگاروں
کے فرماتے تھے درود ہو محمدؐ و آل محمدؐ
پر تمہارا حسن ظن بہ نسبت امام حسنؑ کے
اس فعل میں زیادہ ہوگا جب کارروائی
جناب رسولؐ کی اسی امر خاص میں سنوگی
کہ وہ جناب باوجودیکہ آپ کو علم تھا
اور اس کی خبر بھی دی تھی کہ یہ شرف خدا
نے امام حسینؑ کو دیا ہے مگر باوجود اس
کے جب جناب فاطمہؑ کو حمل امام حسنؑ کا
ہوا اور وضع حمل کا زمانہ قریب ہوا کہ ناگاہ
اس جناب کو عین وقت خاص میں احتیاج
ہوئی سفر کرنے کی پس جناب فاطمہؑ سے
فرمایا دیکھو جب یہ فرزند پیدا ہو تم اس کو
دودھ نہ پلانا پھر جب وہ جناب واپس
آئے اور جناب سیدہ نے کیفیت
ولادت امام حسنؑ اور اپنی بیتابی
اور دودھ پلانے کی سب بیان

ترضیعہ فلما رجع عن
سفرہ وکان الحسنؑ قد
ولد وارضعتہ فاطمۃ و
قصت علی رسول اللہ من
ارضاعہ قال ان الذی
قضاہ اللہ فھو کائن و
ھکذا وقع من الوصیۃ
والمسیر بالنسبۃ الی الحسینؑ
لکن فاطمۃ لم ترضعہ
فتدبر یا اخی فانہ کیف
اوصی فاطمۃ ومنع من
ارضاع الحسنؑ مع علمہ
الغامض بما یقع فان قلنا
انھم صلوات اللہ علیھم
انھم یومنون بقولہ تع یمحو
اللہ ما یشاء ویثبت وعندہ
ام الکتاب فعوام الشیعۃ
ینکرونہ وبالجملۃ فھذا فعل
النبی وفعل سیدنا الحسنؑ

فرمائے۔ فرمایا جناب رسولؐ نے جو
کچھ خدا نے مقدر فرمایا ہے یعنی جو شرف
امام حسینؑ کو دیا ہے وہی ہونے والا
ہے اور یہی کیفیت وقت ولادت
امام حسینؑ میں گذری مگر ان کو جناب
سیدہؑ نے دودھ نہیں پلایا اب
خوب سوچو کہ باوجود علم یقینی
کے جو آپ کو بہ نسبت امام حسینؑ
کے مشرف ہونے کے تھا اور پھر
یہ فعل آپ نے کیوں کیا۔ پھر
اگر ہم یہ کہیں کہ یہ حضرات اس
قول پر ایمان لائے تھے کہ
خدا کو اختیار ہے جس شئے کو
چاہے مٹا دے اور جس کو چاہے
باقی رکھے اس کی پاس لوح
محفوظ ہے یہ مسئلہ بدا کا ہے۔
تو عوام شیعہ اس کو نہ مانیں
گے کہ دقیق مسائل سے ہے۔
خلاصہ یہ ہے کہ یہ فعل ہمارے نبیؐ کا اور

كلاهما شرع سواء وليس
لمنازع ان يورد عليها
بعد ما دفعنا الايراد و
اثبتنا غرضا صحيحا وايضا
لما ثبت عصمتهم عن
الخطاء بالبراهين القطعية
فلم يبق لاحد مجال لايراد
الشبهات وهذا جواب
عام لكل الشبهات بقي
دفع الاستبعاد الذي
يعتري لكل من يسمع كثرة
الازواج ويعتقد انها
ينافي شانهم فانه يدل
على كثرة الاربة والشبق و
هم اصفياء الله فدفعه
هين اذا تأمل المستبعد
في معاشرتهم بالنساء
وانهم مع وجود تلك القوة
كيف كانت مباشرتهم

وہ فعل جناب امام حسنؑ کا باوجود
علم عدم حصول مراد کے دونو برابر
ہیں کچھ فرق نہیں ہے۔ اور کسی معترض
کی مجال نہیں جب ہم نے جواب
شبہات دیدیا اور اغراض صحیحہ
ثابت کردئے اس پر طرہ یہ ہے
کہ ان کی عصمت دلائل قطعیہ سے
ثابت ہے اب کیا مجال ہے ایراد
شبہات کی باقی رہا دفع کرنا
اس شبہ کا جو عوام کو پیدا ہوتا
ہے جب کثرت ازواج کو ان حضرات
کے سنتا ہے اس کو عقیدہ میں
یہ فعل خلاف شان ان حضرات کے
معلوم ہوتا ہے اسلئے کہ بظاہر کثرت
شہوت اور رغبت جماع پر دلیل ہے
اس شبہ کا دفع کرنا یوں آسان
ہے کہ ان حضرات کی کیفیت مباشرت
کو عورات سے دیکھئے کہ باوجود اسقدر
قوت کے پھر کیا حال تھا انکا عورات کی

من النساء هل كانوا مواظبين
في اداء طاعة الله وشغلهم
تادية امور الهداية واداء
حقوق الواجبة عليهم
وايضا بان نبينا ولو اعطاه
الله قوة اربعين رجلا في
المباضعة كما مر لكنه انما
تزوج من الثيبات عدا عائشة
وهو مناف للشبق وما كان
تفحصه لاجمل النساء نعم
قد اتفق تزويجه من امرأة
تسمى سناة من قبيلة بني
عامر بن صعصعة وكانت من
اجمل النساء في اهل زمانها
لمصلحة عظيمة نذكرها
لدفع ايراد الموردين في
خطبتها وهذا ما رواه في
الكافي عن الحسن البصري
انه قال ان عائشة وحفصة

ہم بستری میں بلکہ ان کی اوقات شبانہ
روز بھی اطاعت احکام الٰہی میں گذرتی
تھی اور اشغال ان کے ادائے امور
ہدایت خلق اور بجا آوری حقوق واجبہ میں
جو مناسب ان کے منصب کے ہے
پس یہ بھی دیکھو کہ ہمارے نبیؐ کو اگرچہ
خدا نے قوت چالیس مردوں کی
مباشرت عورات میں دی تھی چنانچہ
اوپر گذر چکا مگر باایں ہمہ آپ نے بیوہ عورات
سے نکاح کیا بجز عائشہ کے کہ وہ
حکمت عملی ان کے باپ کی تھی اور پورا
امتحان الٰہی حضور کا اس نکاح میں تھا
اور ہرگز آپ کو تلاش حسین اور جمیل
عورات کی نہ تھی ہاں اتفاقاً ایک
نہایت حسینہ جو قبیلہ بنی عامر بن صعصعہ
سے تھی اسکا نام سناۃ ہے اس سے
آپ کا عقد ہو گیا بنا بر ایک مصلحت کے
جس کو ہم آئندہ لکھ کر جو اعتراض اس پر
ہے اسکو رد کرینگے یہ قصہ کافی میں حسن بصری

تحقیق نکاح سناۃ و قصہ
[illegible]

قالتا لتغلبنا هذه على
رسول الله بجمالها فقالتا لها
لا يرى منك رسول الله فلما
دخلت على رسول الله تناولها
بيده فقالت اعوذ بالله
فانقبضت يد رسول الله
عنها فطلقها هذا ما صنعتاه
ولنذكر ما صنع ابواهما
منها بعد وفات رسول
الله ليظهر عليكم المصلحة
ويندفع ايراد الموردين
انشاء الله وهو ان هذه
المرأة وامرأة اخرى وهي
الكندية كانتا من مطلقات
نبينا فلما قبض رسول الله
وولي الناس ابابكر
وقد خطبتا فاجتمع ابوبكر
وعمر فقالا لهما اختارا
ان شئتما الحجاب وان

سے مروی ہے حسن بصری کہتے ہیں
کہ عائشہ اور حفصہ نے باہم یہ بات کہی کہ
یہ عورت (سناۃ) اپنے حسن وجمال کی
وجہ سے ہم پر غالب آجائے گی جناب
رسول کی نگاہ میں۔ یہ سوچکر سناۃ سے دونو
نے کہا کہ تم کو جناب رسول بنظر پسندیدگی نہ
دیکھینگے۔ اس ابھارنے سے جب وہ جناب
رسول کی خدمت میں آئی آپ نے اس
کا ہاتھ پکڑا۔ کہنے لگی اعوذ باللہ یعنی میں
آپ سے راضی نہیں ہوں تب حضور نے
اپنا ہاتھ اس سے جدا کرلیا یا اس سے
اپنا ہاتھ چھڑا لیا۔ یہ تو پیش آمد عائشہ
اور حفصہ کے ہے اب آپ کی باپ کی
پیش آمد بہ نسبت اسی سناۃ کے اور مصلحت
دافع شبہہ ہم لکھیں وہ بری پیش آمد
شیخین کا اسی سناہ اور ایک دوسری
عورت سے جسکا نام کندہ تھا یہ ہے کہ
دونو طلاق یافتہ جناب رسول کی تھیں
جب آپ کی وفات ہوگئی اور لوگوں نے

شتما الباه فاختارا الباه فتزوّجتا فجذم احد الزوجين وجن الاخر قال عمر بن اذينه فحدثت بهذا الحديث زراره والفضيل فرويا عن ابی جعفر عليه السلم انه قال ما نهی الله عزوجل عن شئ الا وقد عصی فيه حتی لقد نكحوا ازواج رسول الله من بعده و ذكرهاتين العامرية والكندية ثم قال لو سألتم عن رجل تزوج ابوه امرأة فطلقها قبل ان يدخل بها اتحل لابنه لقالوا لا فرسول الله اعظم حرمة من آبائهم قلت انما ذكرت الحديث تصديقا لما ادعيت انهما وعائشة وحفصة لم يكن

ابوبکر کو خلیفہ بنایا اور یہی دونو عورتیں خواستگار نکاح ہو کر خلیفہ کے پاس آئیں اور اپنی خواہش ظاہر کی ابوبکر و عمر دونو یکجا ہوکر ان سے کہنے لگے تمکو اختیار ہے چاہو پردہ نشین رہو بیوہ ہو کر اور چاہو نکاح کرلو دونو نے نکاح کرلیا مگر سزا ان کو ہتک حرمت رسولؐ کی یہ ملی ایک کا شوہر مجذوم اور دوسری کا مجنون ہو گیا عمر بن اذینہ یہ خبر زرارہ اور فضیل سے کہی ان دونو نے جناب صادقؑ سے روایت کی ہے آپنے فرمایا کہ جس جس امر سے خدا نے منع فرمایا اسی میں اسکی نافرمانی کی گئی تا اینکہ ازواج رسول اللہ سے بعد وفات آپ کی نکاح بھی کرلیا اور تمثیل انھیں دونو عامریہ اور کندیہ کا ذکر فرمایا پھر فرمایا اگر تم کسی سے پوچھیں جسکے باپ نے ایک عورت سے نکاح کیا اور مجامعت نہ کی کہ اسکو طلاق دیا ہو گیا اسکے پسر پر وہ عورت حلال ہو سکتی ہے جواب میں وہ کہے گا کہ نہیں ہوسکتی پس رسول اللہ کی حرمت تو کہیں زیادہ ہے

لهم شغل الا ان يوذون
رسول الله صلعم حيًا و ميتًا

و الغرض الثانی مقايستهما
من مطلقات سيدنا الحسنؑ
كما يا تيك نباه بعد حين
و الغرض الثالث اختلاف
حكم المطلقات فان الله
سبحانه يحفظ حرمة النبی
فی ذلك بعد وفاته ايضًا
فلهذا اجذم احدهما وجن
الآخر. والثالث اظهار
اساءة ارتكبها خليفة النبی
واشار اليه الصادق عليه
السلام وتمثل لهذا المثال
ولما فرغنا من ايراد امور
دالة علی ضرورة كثرة الطلاق
لسيدنا المحسن وكان قد
ادعينا بلوغ ذيبك الامرين
الی حد الضرورة عقلا و نقلا

باپ سے۔ میں لکھتا ہوں اس حدیث کو میں نے
اپنے قول کی تصدیق کی غرض سے لکھا ہے کہ یہ دو نو
اور عائشہ اور حفصہ چاروں کو بجز ایذا دہی جناب
رسولؐ کے اور کوئی شغل ہی نہ تھا زندگی ہیں جناب
کی اور بعد وفات کے۔ دوسری غرض میری یہ ہے
کہ ان دو نو مطلقہ جناب رسولؐ کی حالت کو مطلقات
امام حسنؑ سے قیاس کروں جیسا کہ انکی کیفیت
اب آگے بیان کرونگا تیسری غرض یہ ہے کہ خداوند
عالم حرمت ہماری نبیؐ کی ازواج کی نسبت بعد وفات
کے بھی محفوظ رکھتا ہے لہذا ایک تو مجذوم اور
دوسرا مجنون ہو گیا۔ چوتھی غرض اظہار گستاخی
اور بے ادبی ابوبکر و عمر کی ہے۔ چنانچہ امام صادق
نے کس پیرایہ میں اسکو ارشاد فرمایا ہے غور کرو
اور جب ہم فارغ ہو چکے ان امور کے ذکر
سے جو کثرت نکاح کی ضرورت ہماری نبیؐ میں
اور کثرت نکاح و طلاق کی امام حسنؑ میں تھے
دلیل عقلی و نقلی سے۔ اور ہم نے یہ بھی
دعوے کیا ہے کہ یہ ہر ایک امر ضروری تھا براہ
عقل و نقل اب لائق ہے کہ ہم اس کی تائید

تحقیق بنا ان نؤید لا بذکر
بعض الامور التمدنیۃ و
الاخلاقیۃ واھم ما نذکرہ
رفع الزام الحسد الذی
ینسب الی سیدنا الحسن
فانہ من اعظم الشبہات التی
یوقع الشک فی القلوب ولا
یخفی علیک ان احق من
یشکو الحاسد ویبغضہ
ویظھر شناعۃ الحاسد ھو
المحسود فانہ ھو الذی یضرہ
الحسد وفی ھذا الحسد الذی
ینسبونہ الی سیدنا الحسنؑ
ھو اخوہ الحسین علیھما السلام
فھل وصل الیک روایۃ
موضوعۃ ان الحسینؑ شکی
او اظھر امرا یدل علی کونہ
منضجرا ممتلئا حنقا و لو
بتاویل بعید کما یکون المحسود

بعض اصول تمدنی اور اخلاقی سے بھی کریں
اور زیادہ تر اہم یہ ہے کہ الزام حسد جس کی
نسبت امام حسنؑ کیطرف ہوتی ہے اس کو
رفع کروں اس لئے کہ یہ بڑا بھاری شبہ ہے
کہ قلوب عوام میں جاگزیں ہو جاتا ہے اور
اور اسی کو لوگ زیادہ بیان کرتے ہیں
اور عوام شیعہ متردد ہو جاتے ہیں۔ اور تم پر
مخفی نہیں ہے کہ زیادہ تر استحقاق شکایت
کرنے کا حاسد کے اسی شخص کو ہوتا ہے
جسکا حسد کیا جائے اور اسی کو حاسد سے
بغض ہوتا ہے اور حاسد کی برائی وہی ظاہر کرتا
ہے اور یہ حسد جس کی تہمت امام حسنؑ پر کیجاتی
ہے اس کے محسود امام حسینؑ ہیں پھر کیا کوئی
گڑھی ہوئی روایت بھی تم کو پہنچی ہے کہ امام
حسینؑ نے کبھی اپنے بھائی کا شکوہ فرمایا
کہ یہ میرے حاسد ہیں یا کوئی امر کبھی آپ سے
ایسا ظاہر ہوا جس سے ناگواری خاطر
آپ کی امام حسنؑ سے معلوم ہوتی جیسی
کیفیت خراب حاسد اور محسود میں ہوتی ہے

بالنسبة الی الحاسد فان
سلمنا ان علة کثرة النکاح
کانت ھو ذلک الرجاء لکن
الحسینؑ کان یحملہ علی احسن
المحالؔ کما ذکرتہ سابقا و ایضا
فان تزویج الحسین من شھر
بانویہ اولا فی المنام فی دار
ابیھا ثم مجیئھا مع الاساریٰ
قد وقع فی ایام خلافۃ
عمر بن الخطاب کما فی الکافی
او فی زمن خلافۃ عثمان
وقد بشر علیؑ فی یوم قدومھا
ابنہ الحسینؑ بعد خبرتھا
ایاہ و وضع یدھا علی
راس الحسینؑ بقولہ یا ابا
عبد اللہ لیلدن لک
منھا خیر اھل الارض
ومن ھذا الیوم تیقن الحضار
ان ما اخبر بہ النبی فقد

اب اگر ہم اس کو بھی تسلیم کریں کہ سبب
کثرت نکاح امام حسنؑ کو وہی امید تھی ابو
الائمہ ہونے کی مگر امام حسینؑ نے اس فعل کو
اپنے بھائی کے حسد پر نہیں محمول فرمایا
بلکہ کسی عمدہ غرض پر جیسا کہ ہم نے اوپر
بیان کیا ہے اس سے بھی ہماری رائے
کی تائید ہوتی ہے۔ (۲) ایضا نکاح
جناب شہربانو کا خواب میں امام حسینؑ
سے۔ یہ تو انکے باپ کے گھر میں ہوا اور
ان کا آنا ہمراہ قیدیوں کے زمانہ خلافت
خلیفہ ثانی میں بموجب روایت کافی کے
یا زمانہ خلافت عثمان میں اور اسی روز
جناب امیرؑ نے انکا نام شہربانو رکھا جب
انھوں نے امام حسینؑ کے سر پر ہاتھ رکھا
اور ان کو پسند فرمایا زوجیت میں وہ بشارت
جناب امیر کی یہ ہے کہ ای حسین ضرور یہ
زوجہ تمھارے واسطے ایسا فرزند پیدا
کریگی جو بہترین اہل زمین کا اپنے زمانہ
میں ہوگا اسی وقت کل حضار کو یقین

وقع فلا يمكن كثرة التزويج
عن الحسنؑ كونه لذلك الرجاء
عقلاً فان استمر بعد ذلك
ايضاً كما هو الظاهر فبالضرورة
لا يكون غرضه ما ينسب اليه
وهذا امر تاريخي ليس امر وهمي
فيتطرق اليه الشبهات فعليك
الرجوع الى مطالعة كتب السير
والتاريخ فحسب ولنقل بعد
ماقلناه وحررناه واعتذرنا
انه يمكن عقلاً ان يكون لسيدنا
الحسنؑ اغراض آخر يريد
حصولها لايقاع كثرة النكاح
والطلاق ويؤيد ذلك
الوقائع وهي انّيات و
الدلائل العقلية وهي
لميات (۱) منها تشريف
منكوحاته لانتسابهن
اليه بعد الطلاق بل

ہوگیا کہ خبر دہی جناب رسول کی جو بہ نسبت
امام حسینؑ کے ہوئی ہے سچی ہے اب
اس روز کے بعد پھر امام حسنؑ اس امید
سے تو نکاح نہیں کر سکتے اور اگر بعد اس
روز کے بھی آپکا یہ فعل جاری رہا ہرگز وہ
غرض نہوگی جس کو حسد کہا جاتا ہے اور
یہ ایک تاریخی واقعہ ہے کوئی تجویز وہمی
نہیں ہے جس میں شبہ ہو وقوع اور عدم
وقوع کا۔ کتب سیر کو پڑہو۔ اب ہم بعد
ان اقوال کے جواب لکھ چکے اور عذر
ہائے صحیحہ لکھ چکے یہ کہتے ہیں۔ ممکن ہے
کہ جناب امام حسنؑ کو اور بھی چند اغراض
ہوں جن کی وجہ سے تائید اس کی ہوتی
ہے کہ یہ آپ کا فعل بھر گو نہ اچھا تھا اور
ان اغراض کو بکثرت نکاح و طلاق کرنے
کے اسباب ہونے کی قابلیت تھی اور واقعات
نے اس کو ثابت کر دیا اور دلیل عقلی بھی
اس کی ہم لکھیں (۱) ازآنجملہ ایک یہ ہے
کہ اپنی منکوحات کی عزت افزائی آپ کو

وبعد الموت ایضاً کما روی
عن رباب بنت امرء القیس
زوجۃ الحسینؑ فانہا سلام
اللہ علیہا قد خطبہا اشراف
القوم فامتنعت قائلۃً لا
یعجبنی ان اکون زوجۃ لاحد
بعد ان کنت زوجۃً لابن
رسول اللہ صلعم وظنی
انّہا کانت طالبۃ للشرف
الدنیوی والاخروی کلیہما
اما الدنیوی فلکرامۃ نسب
الحسینؑ واما الاخروی فلما
روی عن النبی صلعم انہ
قال کل سبب ونسب ینقطع
یوم القیٰمۃ الا سببی ونسبی
فکرھت رباب ان ینقطع
ذٰلک السبب ویوید ما
قلناہ حضور مطلقات الحسنؑ
مشیعات لجنازتہ فھل

منظور تھی جو بعد طلاق بلکہ بعد موت بھی باقی
رہی کہ آپ کی زوجیت سے منسوب ہونگی
دیکھو حال جناب رباب کا کہ بعد شہادت
امام حسینؑ کے اشراف قوم نے انسے درخواست
نکاح کی مگر وہ باز رہیں اور یہی کہتی تھیں مجھ
پسند نہیں ہے کہ میں جناب رسولؐ کی بہو
ہو کر پھر اور کسی کی زوجہ کہلاؤں میرا گمان
ہے کہ جناب رباب شرف دنیا اور آخرت
دونو کی طالب تھیں۔ دنیوی شرف تو ظاہر
ہے کہ جناب امام حسینؑ کیسے عالی نسب
کی زوجہ تھیں اور شرف اخروی یہ ہے
کہ جناب رسولؐ نے فرمایا ہے ہر ایک
نسب اور سبب بروز قیامت قطع ہوگا
مگر میرا نسب اور سبب کہ یہ باقی رہیگا
جناب رباب کو ناپسند ہوا کہ اس رشتہ
کو توڑ دیں۔ اسی ہمارے گماں کی تائید
کرتا ہے حاضر ہونا مطلقات امام حسنؑ کا
آپ کے جنازہ پر۔ کیا تم نے کسی طلاق
یافتہ عورت کو سنا ہے کہ جنازہ پر طلاق دینے

سمعت امرءة مطلقة تحضر
مشیعة لجنازة مطلقها و
ای دلیل اقوی یدل علی
صحة ما ادعیناه فلما
لم یکن الطلاق والموت
مانعا لانبساطهن الیه فما
ظنک فی کونهن راغبات
الی النکاح والا فان الطلاق
ولاسیما اذا وقع بلا سبب
هو من احد اسباب للبغض
والعداوة وهذا الذی
ذکرته سبب قوی لرضاء
اولیائهن مع ما کانوا یرونه
من کثرة الطلاق ومن
اول الدلائل علی الرضاء
وخلوص الاعتقاد ان
واقعة تجهیز الحسن واقعة
من اعجب الوقائع حیث
لم یقع مثلها واقعة اخری

والے کے حاضر ہو اور اس دلیل سے
زیادہ اور کونسی دلیل ہمارے اس خیال
کے صحیح ہونے پر ہو سکتی ہے۔ پھر جب
طلاق بلکہ موت بھی ان عورات کو اس
نسبت سے بطرف امام حسن کے مانع
نہوے اب ان کی رغبت منکوحہ ہونے
پر کیسے ہو گی لہذا باوجود مشاہدہ طلاق
کے منکوحہ ہونا قبول کرتی تھیں حالانکہ
طلاق جو بدون کسی سبب کے ہو ضرور موجب
بغض کا ہوتا ہے اور یہی سبب قوی ہے
کہ ان عورات کی ورثہ بھی راضی تھے اور
مانع نکاح سے نہیں ہوتے تھے کثرت طلاق
دیکھ کر۔ اور ایک بڑی قوی دلیل ان عورات
کی رضامندی اور خلوص عقیدت پر یہ ہے
کہ واقعہ دفن امام حسن عجیب واقعہ ہے شاید
کوئی واقعہ دوسرا دنیا میں ایسا گذرا ہو کیا
تم بھول گئے کہ آپ کے دشمن عائشہ کی
اغوا سے آپ کے دفن کو پہلوئی قبر جناب
رسول میں منع کرکے آمادہ فساد تھے

فی الدنیا أتنیت ان اعدائہ
باغواء عائشۃ کانوا یمنعونہ
من ان یدفن فی جنب
قبر جدہ ویرمون جنازتہ
بالسہام وحان ان یقع
حرب عظیم بین فئتین
لکن الحسینؑ امتنع عن
المحاربۃ لوصیۃ اخیہ المظلوم
بذلک فمع تلک الحالۃ
المشئومۃ التی یفر المرء
من اخیہ وصاحبتہ وبنیہ
حضور المطلقات لتشییع
جنازتہ المرمیۃ بالسہام
لایمکن الا من الخلوص
الخالص تقربا الی اللہ سبحانہ
وتادیۃ لمودۃ القربی المنصوصۃ
فی قولہ تعالیٰ قل لااسئلکم
اجرا الا المودۃ فی القربی الایہ
جزاهن اللہ احسن الجزاء

اور تیر باراں جنازہ کو کردیا تھا اور وہ گھڑی
آگئی تھی کہ دو نو گروہ میں جنگ واقع ہو مگر
مگر جناب امام حسینؑ نے سب کو روکا اور
لڑنے سے باز رہے بنظر اسی وصیت امام حسنؑ
کے جو آپ کو کر گئے تھے کہ اگر میرے دفن
کو قریب قبر نانا کے منع کریں۔ تم ضد نہ کرنا
پھر ایسی خراب حالت میں کہ بھائی بھائی اور
شوہر زوجہ سے اور باپ اپنی اولاد سے
بھاگتا ہو ان عورات طلاق یافتہ کا ایسے
جنازہ پر آنا جو تیروں سے غربال ہو رہا
ہے ہرگز ممکن نہیں بدون خلوص عقیدت
اور قربت الی اللہ کے اور ادا کرنے حق
مودت قربیٰ کے جس کو قرآن صاف کہہ
رہا ہے۔ کہدو ای محمدؐ میں تم سے سوائے
دوستی اہلبیت کے اور کچھ اجر نہیں چاہتا
خدا ان مومنات کو نیک اجر عطا فرمائے
اور عطا کرچکا ہم نے واقعہ حضور مطلقات
میں طول مقال اس لئے کیا کہ یہ امر عجیب
ایسا کہ اس روز تک کبھی واقع نہیں ہوا

وقد فعل وانما اطبنا الکلام
فی واقعۃ حضورهن لان
هذا الامر الغریب الذی
لم یقع الی یومہ هذا برهان
قاطع علی ان فعل سیدنا
الحسنؑ انما کان لاظهار امور
ومصالح التی مر ذکرها فلا
نعیدها۔ ومع صدور هذا
الامر الغریب القامع للشبهات
الحاسم لمواد الایرادات فی الموارد
مکابر معاند للحق عنود کنود
وکما ان تلک الواقعۃ دافعۃ
للشبهات لکن یدل علی
کون سیدنا الحسنؑ عالما بعواقب
الامور وحصول النتائج المطلوبۃ
من کثرۃ الطلاق مع کون هذا
الفعل مستکرها عند الطبائع
کلها لولا ان یلهم اللہ قلوب
النساء بما الهموا یاهن وانما

دلیل قطعی اس کی ہے کہ یہ فعل امام حسنؑ کا
محض بغرض اظہار ان مصالح کے تھا جس
کو ہم اوپر لکھ چکے اب ان کو دوبارہ کیوں
لکھیں پھر باوجود صادر ہونے ایسے امر عجیب
کے جو قاطع شبہات اور مادہ اعتراض
کو جڑ سے اکھاڑ دیتا ہے مگر معترض باز
نہیں آتا لہذا یہ معترض مکابر اور حق کا دشمن
کینہ کش ہے۔ پھر جسطرح یہ واقعہ دافع
شبہات ہے اسی طرح پوری طور سے دلالت
کرتا ہے کہ امام حسنؑ کو علم تھا کہ عجائب امور اور
نتائج جو کثرت نکاح اور کثرت طلاق
سے ہونگی اور جن اغراض مفیدہ کے
حاصل ہونا ہمکو مطلوب ہے سب پورے
ہونگے اور نتائج کثرت سے طلاق کے
ہیں سب حاصل ہوں گے باوجودیکہ یہ
فعل فطرتاً ناگوار ہر انسان کو ہے مگر کسی
کو ناگوار نہ ہوگا۔ پھر اگر قلوب مطلقات
کو الہام ربانی ہوتا کیسے اسکو گوارا کرتیں
ہم نے جو امام حسنؑ کو عالم ربانی کہا اس کی

قلنا کون الحسن عالماً ربانیاً
لانہ علم رضاء القلوب مع کونہ
مخالفاً لجری العادۃ و لہ عندی
سببان عقلی و اعتقادی اما
العقلیؔ فهو ان المطلقات و
اولیائهن یکفی لهم الفخار
والشرف من حصول الانتساب
الیہ واما الاعتقادی فما مرّ منّا
نقلہ وهو قول نبینا صلعم بعدم
زوال الانتساب الیہ یوم القیمۃ
نسباً وسبباً فالمومنون الموقنون
بما قالہ النبی کانوا مدی الازمان
یرتقبون ذلك ولو کانوا یوقنون
بوقوع الطلاق هذا هو التاویل
عندی وارجو من اللہ سبحانہ
ان یحقق ظنی یوم القیمۃ فیعطی
سیدنا الحسن خیرۃ فی الشفاعۃ
فیدخل کل مطلقاتہ المومنات
فی الجنۃ لکونهن راضیات عما

دلیل یہ ہے کہ آپ کو بخوبی معلوم تھا کہ میری
اس فعل مخالف عادت سے کوئی عورت
ناراض نہوگی اور اس کے دو سبب ہیں
عقلی اور اعتقادی عقلی سبب تو ظاہر ہے
کہ مطلقات اور انکی سرپرست سب کو یہ فخر
اور شرف کافی تھا کہ محض نکاح میں آنے
سے نواسہ رسول کی کیسی عزت ان کو
حاصل ہوتی ہے - رہا سبب اعتقادی یہ
وہی حدیث ہے جس کو ہم اوپر نقل کر چکے
کہ جناب رسولؐ نے فرمایا بروز قیامت جس کو مجھ
سے نسبت براہ سبب یا نسب کے ہے
وہ زائل نہ ہوگی پس وہ لوگ آپ کے
فرمانے کو سچ جانتے تھے ان کو ہمیشہ سے ہی
کا انتظار تھا کسی طرح حضور سے انتساب
پیدا ہو اگرچہ بعد نکاح طلاق بھی ہو جائے
یہ تاویل میرے گمان میں ہے اور خدا
سے مجھے امید ہے کہ میرے اس گمان
کو بروز قیامت سچا کردے اور جناب
امام حسنؑ کو ایسا اختیار شفاعت میں عطا

فعل بعض وهو امر مستهجن على
الظاهر موهن بشانهن ومما
يدل على كون هذا الفعل من
معاجيز سيدنا الحسنؑ ان الفطرة
التي فطر الناس عليها هي انّ
الرجل الصحيح بالصحة الجسمانية
اذا غشي امرأة صحيحة فهي تحبل
بالضرورة ولا يتخلف هذا الحكم
الضروري عن خمسة من مائة هذا
ما قلناه هو اقل الاوساط ويزداد
اعداد الحوامل ان كانت ابكارا
كما يحكم به اصول الطب وهذه
المطلقات الابكار مع كون عدادهن
يرتقي الى ثلثمائة لم تحبل واحدة
منهن فهل تقتضي العجب ازيد
من تلك الواقعة وهل يجترى
احد من المكابرين الموردين
على ان ينكروه من كونه امرا معجزا
فان كان عندك ايها المورد

فرمائے کہ ایزد ان مطلقات مومنات کو
جو آپ کے جنازہ پر حاضر ہوئیں سب کو داخل
بہشت اپنی جوار میں کریں اس لئے کہ وہ
راضی رہیں طلاق پانے پر جو بظاہر بری
بات ہے اور خلاف شان ان کے تھی۔
ایک اور دلیل اس کی کہ یہ واقعہ معجزات
اور کرامات سے امام حسنؑ کے ہے وہ یہ واقعہ
ہے کہ فطرت انسانی یہی ہے کہ جب کوئی
مرد صحیح البدن کسی عورت صحیح الجسم سے ہم بستر ہوتا ہے
وہ عورت حاملہ ہوجاتی ہے اور یہ حکم بحساب
اوسط فی صدی پانچ میں تو کبھی غلط نہیں
ہوتا ہے اور ہم نے یہ اوسط جو لکھا ہے بہت
کم ہے بلکہ فیصدی دس بھی ہوتا ہے اور اس
سے بھی زیادہ حاملہ عورات کا شمار اور بھی
زیادہ ہوتا ہے اگر وہ باکرہ ہوں جیسا کہ اصول
علم طب سے ثابت ہے اور یہ سب مطلقہ عورات
باکرہ تھیں اور باوجودیکہ ان کا شمار تین
سو تک پہنچتا ہے اور ایک بھی حاملہ نہ ہوئی پھر
کیا اس واقعہ سے زیادہ اور بھی تعجب خیز واقعہ

المعاند حیلۃ فصاحت بها وقد
عرض علی بعض تلامذتی ایراد
محصلہ ان بعض الرجال مدی
اعمارھم یضاجعون زوجتھم و
لا تحبل وان بلغ عداد مقاربتھم
الی الف مرۃ فیمکن ان یکون
السبب المانع للحبل فی تلک
المطلقات ایضا وھو ذلک السبب
فقلت ھذا قیاس مع الفارق
فان المفروض فی الایراد واحدۃ
وتقییس الواحدۃ بثلثمائۃ مختلفۃ
الطبائع فاذا سمعت ودریت
ما ذکرنا من الدلائل والبراھین
فعلیک ان تعلم علۃ ھذہ العلل
والاسباب وھی مبرھنۃ فی علم
المبدأ والمعاد وھی ان اللہ سبحانہ
من یحتبہ بالرسالۃ او الامامۃ
ویصدر عنہ فعل ھو ھن بشانہ
علی الظاھر فیجب علی اللہ ان یظھر

کوئی ہی اور کیا کسی ہٹ دھرم متعرض کی
جرأت ہی کہ اس کی معجزہ ہونے سی انکار
کری پھر اگر تمھاری پاس ای متعرضین کوئی
حیلہ ایسا ہو یا کوئی فلسفی دلیل ایسی ہو
جس سی اسکا معجزہ ہونا مشکوک ہو جائی
لاؤ اس کو ہم بھی تو سنیں۔ مجھ پر ایک میری
تلمیذ فلسفی نے اس دلیل پر یہ شبہ وارد
کیا کہ بعض آدمی ایسے دیکھے جاتے ہیں کہ
تمام عمر اپنی اہلیہ سے ہم بستر ہوتے ہیں مگر
وہ عورت حاملہ نہیں ہوتی اور شمار ہم بستری
کا ہزار بلکہ زائد ہوتا ہی پس ممکن ہی کہ جو
سبب مانع حمل کا اس میں ہو وہی سبب
ان مطلقات میں بھی ہو میں نے کہا کہ یہ
قیاس مع الفارق ہی اس لئی کہ تم نے ایک
عورت فرض کی اور یہاں تین سو عورات
ہیں جنکے طبائع اور مزاج جدا جدا پھر
تین سو کا قیاس ایک پر کیسے درست
ہو سکتا ہی جب تم سن چکے اور سمجھ
چکے جو دلائل ہم نے لکھے ہیں اب

معه او بعده امراً معجزاً يرفع شأنه
ويزيل الشبهات التي تورد
عليه فان لم يفعل ذلك له
بطل امر الهداية لكون النبي
مطعوناً منسوباً الى الرذالة و
هذا قوله سبحانه الله وليّ الذين
آمنوا يخرجهم من الظلمات الى
النور فصدور الخوارق المذكورة
بعد فعله الحسن انما هو معلول
لتلك العلة وهذا الذي ذكرته
يعم صدوره في كل واقعات الانبياء
والاوصياء الاصفياء سلام
الله عليهم وقد فصلنا ذلك
البرهان في بعض كتبنا .

تتمة مهمة

واذا دفعنا تلك الشبهات
واثبتنا ان ما يظنه المعاند فعلاً
شنيعاً فهو في نفس الامر من
الافعال الحسنة الواجب فعلها

تم پر واجب ہے کہ سبب ان واقعات اور معجزات
کا بھی معلوم کرو اور یہ سبب ہماری علم کلام بحث
نبوت میں مذکور ہے وہ یہ ہے کہ خداوند کریم جب کبھی
اپنے بندہ کو نبی یا امام مقرر فرماتا ہے اور اس
بندہ برگزیدہ سے بضرورت کوئی ایسا فعل واقع
ہوتا ہے جو بظاہر اس کی شان کے خلاف ہو
پس اسی فعل کے ہمراہ یا اس کے بعد خدا
ایک امر معجز بھی پیدا کر دیتا ہے جس سے اس بندہ
کی شان بلند ہو جائے اور جو شبہات جاگزین
خاطر ہوں سب دفع ہو جائیں پھر خدا ایسا اگر
نہ کرے امر ہدایت باطل ہو جائے اس لئے
کہ نبی اور امام بدنام ہو جائیں اور منسوب بہ
رذالت ہوں اور یہی مراد ہے قول خدا کی فرماتا
ہے کہ مومنین کو خدا ظلمات سے نکال کر بطرف نور
کے لیجاتا ہے یعنی ان کی بدنامی کو نیکنامی سے بدلتا
ہے پس ان کرامات کا واقع ہونا بعد اس فعل
کے جسکو امام حسن نے کیا اسکی دلیل یہی ہے اور یہ
بات جملہ انبیا اور اوصیاء کے واقعات میں برابر
پاؤ گے اور ہم نے اسکی تفصیل اپنی بعض کتب

عند العقل الصحيح وايضا
اثبتنا كون الحسن صاحب
المجد والعالم بعواقب الامور
فيجوز لنا ان نروى رواية
تدل على كرامته وايضا على
انه كيف كان يحب اخاه
اعنى الحسين الذى يراه
المورد محسود اله والحديث
مروى فى الكافى عن ابى عبد
الله عليه السلام انه قال ان
الحسن قال ان لله مدينتين
احدهما بالمشرق والاخرى
بالمغرب وعليهما سور من حديد
وعلى كل واحد منهما الف
الف مصراع وفيها سبعون
الف الف لغة يتكلم كل لغة بخلاف
لغة صاحبها وانا اعرف جميع
اللغات وما قبلها وما بينها
وما عليها حجة غيرى وغير

میں مع تمثیل کے بخوبی لکھی ہی خصوصًا کتاب
ماتین ہیں۔

تتمہ ضروری

جب ہم نے شبہات کو دلائل عقلیہ سے دفع کردیا
اور ثابت کردیا کہ معترض جو کثرت نکاح اور طلاق
کو فعل قبیح سمجھتا ہی دراصل یہ نسبت امام حسنؑ کے
وہ فعل نیک ایسا ہی کہ اُسکا کرنا آپ کو براہ عقل
واجب اور ضروری تھا اور یہ بھی ہم نے ثابت کردیا
کہ وہ جناب بزرگ شخص ہیں اور آئندہ امور کی واقع
ہونی کی عالم ہیں اب ہمکو بنظر اصول مناظرہ جائز ہوے
ایک حدیث بھی لکھیں جو ان کی بزرگی پر دلالت
کری اور یہ بھی اُس سے معلوم ہو کہ امام حسنؑ کو اپنے
بھائی امام حسینؑ کی کسقدر محبت تھی جن سے حسد کرنا
یہ معترض کہتا ہی وہ حدیث کافی میں جناب صادقؑ
سے مروی ہی آپنے فرمایا کہ امام حسنؑ نے کہا کہ خدا
کی خدائی میں دو شہر ہیں ایک پورب میں اور دوسرا
پچھم میں اور دونو کی شہر پناہ لوہے کی ہی اور ہر ایک
شہر پر ہزار در ہزار دروازے اور ہر دروازہ پر ہزار
در ہزار کینواڑے لگے ہیں اور دونو شہروں میں ستر

اخی الحسین علیہ السّلام اقول
ھذا الحدیث وامثالہ ممایتطرق
الیہ الشبھات لعدم وجودھما
فی مثل زماننا ھذا وقد ساح
السیاحون الی حد لم یبق قطعة
من قطاع الارض الاوراوودھا
ولم یجد ومن ھاتین اثرًا
فلذلک ینکرون صحتہما ورد
فیہ وجوابہ ان کثیرا من الموجودات
التی اخبر بھا ھداتنا کان
الناس ینکرونھا ولکن الآن
فھم یسلمون وجودھا۔ وقد
اتفق جمیع العقلاء لاتمانع
بینھم علی ان عدم الوجدان
لایدل علی عدم الوجود علی
انہ لم یرد فی ھذا الحدیث
ان ھاتین المدینتین موجودتان
علی ارضنا ھذہ بل محل وجودھما
لم یذکر فیہ فعسی ان تکونا فی

ہزار در ہزار زبانیں ہیں ہر ایک اہل زبان اپنی
ہی زبان میں بولتا ہی اور میں اُن سب زبانوں کو
جانتا ہوں اور دونوں شہر ونسے آگے اور انکے درمیان
ہیں اور خود ان شہروں پر کوئی حجت خدا بجز میرے
اور میری بھائی حسینؑ کے نہیں ہیں کہتا ہوں
یہ حدیث اور مثل اسکی اور بھی چند احادیث ایسی
ہیں جنکی صحت میں تمام طبائع کو شبہ ہوتا تھا
اسلئے کہ اُن کا پتہ نہ ملتا تھا حالانکہ سیاحان
یورپ نے ایک چپہ بھر زمین کو اپنی سیاحت
میں نہیں چھوڑا اگر ان دونوں شہروں کا
پتہ نہیں ہی لہذا حدیث کی صحت سی انکار
کرتے ہیں اور جواب اس کا یہ ہی کہ بہت سی
چیزوں کی خبر دی ہی ہماری ہادیان برحق نے
موجودات زمین اور آسمان سی دی کہ اب
ترقی تجارب سی ان کا وجود بخوبی ثابت ہو رہا
ہی کتب علم ہیئت جدیدہ کو پڑھو۔ تمام عقلا کا
اس پر اتفاق ہی کسیکو اس سی انکار نہیں ہی کہ جو
چیز ہمکو ابھی نہیں ملی ہی وہ در اصل موجود نہیں
ہی شاید آئندہ ملجائے علاوہ بریں اس حدیث

ارض اخرى واما كون سودها
من الحديد فلا يرتاب فيه
من يعتقد ان الشمس مركبة
من ثمانية عشر فلزات منها
الحديد وعلى الجملة فهذا الحديث
دل على كون الحسنؑ عارفا بحق
اخيه وهو كونه حجة من
حجج الله والحجة يجب كونه
معصوما فيستحيل كونه
حاسدا وهذا دليل مقنع
ذكرناه بعد ذكر البراهين
القطعية فلا يسوغ للمتدرب
باصول علم المناظرة مليا
كان او دهريا انكاره
ولنختم الرسالة على الحمد
لله والشكر له والصلوة على
الانبياء سيما نبينا محمد وآله
الاصفياء۔

میں اسکی تصریح نہیں ہی کہ وہ دونوں شہر اسی ہماری
زمین پر آباد ہیں بلکہ مقام ان کا مذکور نہیں ہی شاید
کسی اور زمین پر ہوں رہا لوہی کی شہر پناہ کا شبہ
اس میں وہ شخص جس کا یہ عقیدہ ہی کہ آفتاب
مرکب ۱۸ دہاتوں سے ہے بلکہ زیادہ وہ کیسے
انکار کرسکتا ہی کہ لوہا سوائے اس زمین کی کہیں
اس کا وجود نہیں۔ بلکہ اب تو یہ دہات ہر جگہ موجود
ہی۔ اور خلاصہ یہ ہی کہ یہ حدیث دلیل ہی اس پر کہ
امام حسنؑ اپنی بھائی امام حسینؑ کے حق کو خوب پہچانتے
تھے اور وہ حق یہ ہی کہ ان کو حجت الٰہی جانتے تھے
اور حجت خدا کو معصوم ہونا واجب ہے لہٰذا
محال ہی کہ حاسد ہو اور یہ دلیل اقتناعی ہی
ہم نے اسکو بعد ذکر دلائل قطعیہ کے وارد کیا
ہی اب اُسکا انکار کرنا جائز نہیں اس شخص کو
جو اصول علم مناظرہ کو خوب جانتا ہو کسی مذہب
پر ہو یا دہری ہو۔ اب ہم رسالہ کو خدا کی حمد
اور بجا آوری شکریہ اور درود پر انبیا خصوصًا
ہماری نبی محمدؐ اور ان کی آل پاکیزہ ختم کریں۔

گئے اور حالات تسخیر ارواح وغیرہ - اس کتاب کا لطف دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے - طبع اول کی قیمت ۱۲/ تھی مگر طبع دوم میں اسکی قیمت صرف ۸/ مقرر کی تاکہ ہر ایک اہل علم کے پاس یہ کتاب ہو ۔

انتصار الاسلام جلد دوم اس کی خوبی و تعریف جلد اول کے حالات سے معلوم ہو جاتی ہے قیمت ۱۲/

ماتین فی مقتل الحسین علیہ السلام جلد اول - ہر دو حصہ جس کی تقطیع کلاں پر ۸۰۰ صفحہ ہیں - اس کتاب میں علامہ موصوف دام ظلہ نے علوم قدیمہ و جدیدہ و دلائل عقلی و نقلی سے ان تمام شبہات و اعتراضات کے دنداں شکن جواب دئے ہیں جو مخالفین اسلام نے امام حسین علیہ السلام کی شہادت کے بارہ میں کی ہیں - اور کتب معتبرہ سے واقعات شہادت ایسے ایسے تحریر فرمائے ہیں جو اور کسی کتاب یا مقتل میں نہ ہونگے - اصلی قیمت ۱۲/ رعایتی ۸/ یہ مفت کی برابر ہے -

ماتین فی مقتل الحسین علیہ السلام جلد دوم - تعریف مضامین کتاب مثل جلد اول قیمت ۸/ -

" " " جلد سوم مضامین کتاب مثل جلد اول و دوم قیمت صرف ۸/ -

اجابت السائل - اس میں حال ملاقات جناب امام حسینؑ اور جناب خضرؑ بصورت اعرابی سوال و جواب ہر دو حضرات نصف کالم میں اصل عبارت عربی نصف میں اردو ترجمہ - قیمت ۲/ -

رسالہ جعفریہ - اس میں جناب علامہ نے ۶۰ شکلیں وضو کی ثابت کی ہیں اس وقت تک اردو میں ایسی کتاب نہیں لکھی گئی قیمت ۴/ -

فہرست دیگر کتب جو ہمارے یہاں سے مل سکتی ہیں -

حیات دبیرؒ (۱) جسمیں حضرت دبیرؒ کے صحیح حالات ہیں (۲) حضرت دبیر کے معاصرین اہل علم شعراء کی حالات (۳) کلام دبیرؒ کے مقابلہ میں کلام شعراء اردو - فارسی - عربی (طرز کلام بعض شعراء یورپ (۴) صنائع و بدائع شاعری معلوم کرنیکی ضرورت (۵) ہر قسم کی سنگین و فصیح و دقیق و بلیغ و سہل الممتنع نظم (۶) مولوی شبلی کے اعتراضات مندرجہ موازنہ کی تردید (۷) لکھنو کے شاہی زمانہ کی مجالس کی کیفیت کا نظارہ (۸) ایشیائی شاعری کے ہر ایک قسم کے نمونے (۹) اردو زبان سے واقفیت ہو چ

عجیب و دلچسپ کتاب ہے قیمت ڈیمی کاغذ تین روپے (سےعہ) سرامپوری کاغذ دو روپے آٹھ آنے (عہ۸)

۲۶×۳۰ تقطیع ۹۰۰ سو صفحہ

حیات دبیرؔ جلد دوم۔ قیمت عہ +

مفاد آخرت۔ توبۃ النصوح مصنفہ حافظ نذیر احمد صاحب دہلوی مرحوم بہت ہی مقبول و مفید کتاب ہے اور بسبب اپنی خوبی کے کئی بار طبع ہوئی (اولاد کو نیک چلن بنانا اور خدا کیطرف راغب کرنا ایسے طریقہ سے لکھا ہے کہ پڑھنے والے کے دلمیں ضرور اثر کرے) اس کتاب کو احباب کی التجا و اصرار سے عالیجناب مولوی سید امیر حسن صاحب دام اقبالہ المتخلص بفروغ وکیل ہائیکورٹ حیدرآباد دکن نے نظم میں لاکر اسکی خوبی کو دوبالا کردیا جیسی عمدہ کتاب ہے ویسی ہی عمدہ تیار ہوئی۔ قیمت فیجلد عہ روپیہ مگر اب جیبدۂ وزے سرکار علامہ دام ظلہ کی صحت میں نصف کردی یعنی ۸ر صاحب اولاد ایک ایک جلد ضرور گھر میں رکھیں

چشمہ نجات۔ کتاب "عین الحیات" کے نام سے تمام شیعی دنیا واقف ہے یہ کتاب زبان فارسی میں تھی لہٰذا الکلام دو ترجمہ بنام "چشمہ حیات" نہایت خوشخط و صحیح چھاپا گیا ہے قیمت عہ۸ر۔

تذکرہ ملا محمد باقر مجلسی اعلی اللہ مقامہ جس میں علامہ کی زندگی کے تمام حالات از ولادت تا وفات درج ہیں۔ قیمت ۸ر۔

کحل الانظار ترجمہ نور الابصار۔ یہ کتاب عربی زبان میں کمال تحقیق کیساتھ آیۃ اللہ فی العالمین جناب قبلہ مولوی سید محمد ابراہیم صاحب مجتہد اعلی اللہ مقامہ نے تصنیف فرمائی تھی اس کتاب میں مختار بن ابو عبیدہ ثقفی کا حال ہے کتاب موصوف اردو ترجمہ کرکے نہایت کوشش سے چھپوایا ہے قیمت ۸ر۔

سوانح عمری جناب امیر المومنین علی ابن ابیطالب۔ مصنفہ جناب مولوی عبید اللہ صاحب امرتسری جو نہایت تحقیق سے لکھی گئی ہے۔ اور خوشخط چھپی ہے ضخیم کتاب ہے قیمت صرف عہ۸ر +

المشتہر مولوی غلام عباس۔ لاہور محلہ لوہاری منڈی کوچہ نانک بھلہ۔

ايضاح الفرائض